امید، ہمت اور خود اعتمادی جمہوریتوں کیلئے قائد اعظم کا پیغام

DAILY QUAID PESHAWAR ISLAMABAD

روزنامہ قائد

پشاور
اسلام آباد

چیف ایڈیٹر
[illegible]

Member APNS
Member CPNE

ABC CERTIFIED

پشاور اور اسلام آباد سے بیک وقت شائع ہونے والا کثیر الاشاعت قومی اخبار

جلد نمبر 35 | بروز جمعۃ المبارک 24 مارچ 2023ء رمضان المبارک 1444ھ قیمت 10 روپے | شمارہ نمبر 81

فوری انصاف اور بہتر گورننس کیلئے محتسب کے اداروں کو مزید متحرک اور مربوط کیا جائیگا

پاکستان میں محتسب کے ادارے مفت اور فوری انصاف فراہم کرنے میں اہم کردار ادا کر رہے ہیں، فورم آف پاکستان اومبڈسمین کا اجلاس

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پاکستان کے محتسبین کی تنظیم فورم آف پاکستان اومبڈسمین (ایف پی او) کے 27 ویں اجلاس میں قانون کی حکمرانی، بہتر گورننس کے قیام، سستے اور فوری انصاف کی فراہمی کیلئے پاکستان میں محتسب کے اداروں کو مزید فعال مربوط، موثر اور متحرک کرنے پر زور دیا گیا ہے۔ اجلاس میں اس بات پر اطمینان کا اظہار کیا گیا کہ پاکستان میں محتسب کے ادارے عوام الناس کو حکومتی اداروں کی بد انتظامی کے خلاف مفت اور فوری انصاف کی فراہمی میں اہم کردار ادا کر رہے ہیں۔ اجلاس میں محتسب کے اداروں کے نظام کو مزید بہتر اور مفید بنانے کے لئے باہمی رابطوں اور ایک دوسرے کے تجربات سے فائدہ اٹھانے پر زور دیا گیا نیز دیگر ممالک کے محتسب کے اداروں اور تنظیموں کے ساتھ روابط مستحکم کرنے پر بھی اتفاق کیا گیا۔ اجلاس میں ایف پی او کے سیکرٹریٹ کے قیام اور ریگولیشن کے اجرا کا بھی فیصلہ ہوا۔ ایف پی او کا یہ اجلاس گزشتہ روز وفاقی ٹیکس محتسب اور ایف پی او کے صدر ڈاکٹر آصف محمود جاہ کی زیر صدارت وفاقی محتسب سیکرٹریٹ اسلام آباد میں منعقد ہوا، جس میں وفاقی محتسب کے قیام کے چالیس سال مکمل ہونے پر اس ادارے کی طرف سے عوام الناس کو فوری اور مفت انصاف فراہم کرنے کے حوالے سے وفاقی محتسب سیکرٹریٹ کی کارکردگی کی بھی تحسین کی گئی۔ واضح رہے کہ فورم آف پاکستان اومبڈسمین (ایف پی او) کا قیام اپریل 2011 میں عمل میں آیا۔ پاکستان کے تمام محتسبین ایف پی او کے رکن ہیں جن میں وفاقی محتسب، وفاقی ٹیکس محتسب، وفاقی محتسب برائے انسداد ہراسیت، وفاقی انشورنس محتسب، بینکنگ محتسب، محتسب آزاد جموں وکشمیر اور چاروں صوبوں میں صوبائی محتسب اور انسداد ہراسیت کے صوبائی محتسب کے ادارے شامل ہیں۔ اجلاس میں بین الاقوامی سطح پر پاکستان کے محتسب کے اداروں کے اہم کردار کو بھی سراہا گیا۔ واضح رہے کہ اس وقت ایشین اومبڈسمین ایسوسی ایشن کے صدر، OIC اومبڈسمین ایسوسی ایشن کے سیکرٹری جنرل اور انٹرنیشنل اومبڈسمین ایسوسی ایشن (آئی او آئی) کے ڈائریکٹرز کے عہدے بھی پاکستان کے پاس ہیں۔ اجلاس میں عالمی سطح پر محتسبین کی ان تنظیموں سے روابط بڑھانے اور باہمی تعاون کے فروغ پر زور دیا گیا نیز اس بات پر بھی اتفاق کیا گیا کہ عوام الناس کو ان کے حقوق اور محتسبین کے اداروں کے بارے میں آگاہی فراہم کرنے کے لئے ٹھوس اقدامات اٹھائے جائیں گے۔ یہ بھی فیصلہ کیا گیا کہ فورم آف پاکستان اومبڈسمین کے ممبران کا آپس میں رابطہ بڑھایا جائے گا اور اس مقصد کے لئے ایف پی او سیکرٹریٹ کا قیام عمل میں لایا جائے گا تاکہ اس پلیٹ فارم سے حکومتی ایجنسیوں کی بدانتظامی، اقربا پروری اور اس نوعیت کے دیگر مسائل کیخلاف عام آدمی کو مستقل بنیادوں پر فائدہ پہنچایا جا سکے۔ اجلاس میں وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی، وفاقی ٹیکس محتسب ڈاکٹر آصف محمود جاہ، بینکنگ محتسب محمد کامران شہزاد، وفاقی محتسب برائے انسداد ہراسیت محترمہ فوزیہ وقار، سیکرٹری صوبائی محتسب پنجاب سید طاہر رضا، صوبائی محتسب بلوچستان نذر محمد بلوچ، صوبائی محتسب برائے انسداد ہراسیت پنجاب محترمہ نبیلہ خان، صوبائی محتسب برائے انسداد ہراسیت بلوچستان محترمہ نور جہاں میتگل، صوبائی محتسب برائے انسداد ہراسیت خیبر پختونخوا محترمہ رخشندہ ناز نے شرکت کی۔

R.O. Sawat.